# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**FINAL TERM**

**SUBJECT: URDU**

**GRADE-6**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر1: فعل لازم کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ناظم نے کھانا کھایا۔ (b) ناظم نے سبق یاد کیا۔ (c) ناظم نے کتاب پڑھی۔ (d) ناظم جلدی آیا۔

سوال نمبر2: لفظ رفیق کی جمع ہے:

(a) رفقا (b) شرفا (c) شرقا (d) شربا

سوال نمبر3: سوسنار کی ایک لوہار کی۔ قواعد کی رو سے ہے:

(a) ضرب المثل (b) کہاوت (c) محاورہ (d) استعارہ

سوال نمبر4: "بچے پارک میں کھیل رہے ہیں۔" اس جملے میں "پارک" ہے:

(a) اسم ظرف زماں (b) اسم ظرف مکاں (c) اسم مصغر (d) اسم مکبر

سوال نمبر5: "تم وہاں قطعاً نہیں جاؤ گے۔" جملے میں لفظ "قطعاً" ہے:

(a) حرف استفہام (b) حرف تاکید (c) حرف فجائیہ (d) حرف تاسف

سوال نمبر6: یہ کتاب ہمارے لیے بہت مفید ثابت ہوئی۔ لفظ "مفید" کا متضاد ہے:

(a) فائدہ مند (b) زیادہ (c) مزید (d) بے کار

سوال نمبر7: "تذکیر" کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) تم اٹھو۔ (b) علینہ آئی۔ (c) وہ لکھتی ہے۔ (d) کاپی پر لکھو۔

سوال نمبر8: "ننھے بچوں کے قہقہے ہر طرف گونجنے لگے، ہر چہرے پر شادمانی کے رنگ بکھر گئے۔" اس میں کیفیت کا ذکر ہے:

(a) اداسی اور خاموشی (b) بے چینی اور خوف (c) خوشی اور مسرت (d) تھکن اور مایوسی

سوال نمبر9: "وہ فیل ہو گیا مگر اس نے نصیحت پر عمل نہیں کیا۔" یہ جملہ قواعد کی رو سے ہے:

(a) مفرد جملہ (b) شکیہ جملہ (c) مرکب جملہ (d) سوالیہ جملہ

سوال نمبر10: نیچے سے اوپر جاتی ہے۔ اوپر سے نیچے آتی ہے۔ آپ کا سارا بوجھ اٹھا کر یونہی وہ آتی جاتی ہے۔ اس پہیلی کی بوجھ ہے:

(a) ہوائی جہاز (b) سیڑھی (c) موٹر سائیکل (d) ہوا

سوال نمبر11: علی شیر کی طرح بہادر ہے۔ جملہ ہے:

(a) تلمیح کا (b) استعارہ کا (c) تشبیہ کا (d) امر کا

سوال نمبر12: "پنسل" کی درست جمع کے استعمال کا جملہ ہے:

(a) میں نے بازار سے دو پنسل خریدیں۔ (b) بچے اپنی پنسل کو تیز کر رہے تھے۔ (c) اس دکان پر رنگ برنگی پنسلز ملتی ہیں۔ (d) مریم کے پاس تین پنسلیں ہیں۔

سوال نمبر13: لفظ "باغ" سے متعلقہ متلازم الفاظ کی فہرست ہے:

(a) پھول، گھاس، درخت (b) پہاڑ، پتھر، پانی (c) جگنو، دریا، پہاڑ (d) چاند، ستارہ، آسمان

سوال نمبر14: "ناک" لاحقہ سے بننے والا درست لفظ ہے:

(a) سفرناک (b) دردناک (c) قدرناک (d) سردناک

سوال نمبر15: درست استفہامیہ جملہ ہے:

(a) علینہ کب آئی۔ (b) علینہ نہیں آئی۔ (c) کیا علینہ آئی؟ (d) واہ! علینہ آئی۔

سوال نمبر16: "محنت کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔" اس جملے میں "محنت کرنے والا" قواعد کی رو سے ہے:

(a) اسم معاوضہ (b) اسم جمع (c) اسم مفعول (d) اسم فاعل

سوال نمبر17: علامت رابطہ کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) محنت: ضروری ہے۔ (b) وقت ضائع: نہ کرو۔ (c) وقت: کی قدر کرو۔ (d) حنا: بتاؤ بھی۔

سوال نمبر18: متشابہ الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) بِل، بَل (b) آر، پار (c) یار، مار (d) یار، غار

سوال نمبر19: درست تلفظ والا لفظ ہے:

(a) اصُول (b) اُصُولُ (c) اِصُول (d) اِصّول

سوال نمبر20: درست املا والا جملہ ہے:

(a) کامیابی محنت کرنے والوں کو ہی ملتی ہے۔ (b) قامیابی محنت کرنے والوں کو ہی ملتی ہے۔ (c) کامیابی مہنت کرنے والوں کو ہی ملتی ہے۔ (d) کامیابی محنت قرنے والوں کو ہی ملتی ہے۔

سوال نمبر21: "ندی کے پانی میں عکسِ مہتاب جھلملاتا ہے۔" اس مصرے میں "مہتاب جھلملاتا ہے" کیفیت کی عکاسی کرتا ہے:

(a) صبح کا منظر (b) دوپہر کا منظر (c) رات کا منظر (d) سہ پہر کا منظر

سوال نمبر22: "تانیث" کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) بہار کا موسم ہے۔ (b) حنا سکول جاتی ہے۔ (c) وہ ہر کام خود کرتا ہے۔ (d) بادل آ گئے ہیں۔

سوال نمبر23: کشمیر پوائنٹ سے سیاح کشمیر کی برف پوش چوٹیوں کا نظارہ بھی کر سکتے ہیں۔ لفظ "سیاح" کا معنی ہے:

(a) شہید (b) بڑی سڑک (c) سلسلہ کوہ (d) سیر کرنے والا

سوال نمبر24: "آبادی میں اضافے کی وجہ سے مہنگائی بڑھ گئی ہے۔" اس خبر کا تعلق ہے:

(a) معاشی خوش حالی (b) معاشی مسائل (c) پٹرول کی قلت (d) بجلی کی قلت

سوال نمبر25: "احمد کو نوکری مل گئی ہے۔" یہ جملہ قواعد کی رو سے ہے:

(a) مفرد جملہ (b) منفی جملہ (c) مرکب جملہ (d) سوالیہ جملہ

سوال نمبر26: برسات کے موسم میں برقی آلات، بجلی کی تاروں اور کھمبوں سے دور رہنا چاہیے۔ اس جملے میں ہدایات دی گئی ہیں:

(a) برسات میں بھیگنے سے بچنے کی (b) بارش کے پانی سے بچنے کی

(c) بجلی کے کرنٹ سے بچنے کی (d) کیچڑ سے بچنے کی

سوال نمبر27: اگر آپ اکیلے گھر پر ہوں اور کوئی اجنبی دروازہ کھٹکھٹائے تو آپ کریں گے:

(a) دروازہ کھول دیں گے۔ (b) اجنبی سے بات کریں گے۔

(c) دروازہ بند رکھیں گے۔ (d) اجنبی کو اندر آنے دیں گے۔

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

کرکٹ ایک ایسا کھیل ہے جو گیارہ کھلاڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ دو ٹیموں کے درمیان کھیلا جاتا ہے۔ یہ کھیل گیند اور بلے کے ذریعے کھیلا جاتا ہے۔ اس کا میدان بیضوی شکل کا ہوتا ہے۔ پچ کی لمبائی بائیس گز ہوتی ہے۔ شعیب اختر دنیا کا تیز ترین گیند باز ہے۔ اس کھیل میں بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ تینوں کی مہارت بہت اہم ہوتی ہے۔ کرکٹ دنیا بھر میں بے حد مقبول کھیل ہے اور اسے شوق سے دیکھا اور کھیلا جاتا ہے۔ ورلڈ کپ جیسے بڑے ٹورنامنٹ اس کھیل کی اہمیت کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔

سوال نمبر28: کرکٹ ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں:

(a) 22 (b) 11 (c) 44 (d) 9

سوال نمبر29: کرکٹ میں کتنی ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوتا ہے:

(a) دو (b) چار (c) چھ (d) تین

سوال نمبر30: کرکٹ کا میدان کس شکل کا ہوتا ہے:

(a) چکور (b) بیضوی (c) گول (d) مربعی

سوال نمبر31: پچ کی لمبائی کتنی ہوتی ہے:

(a) 22 گز (b) 22 میٹر (c) 22 کلومیٹر (d) 22 سینٹی میٹر

سوال نمبر32: دنیا کا تیز ترین گیند باز کون ہے:

(a) وسیم اکرم (b) عمران خان (c) حارث علی (d) شعیب اختر

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

دیانت، شرافت، محبت کے پیکر　　صداقت، عزیمت، شجاعت کے پیکر

دلوں کے چمن پاک ہوں خار و خس سے　　الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

سوال نمبر34: "محنت کی عظمت" کے عنوان پر مضمون تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر35: سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام سموگ سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات کے حوالے سے درخواست لکھیں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر36: "سچ کی ہمیشہ جیت ہوتی ہے" کے عنوان پر سبق آموز کہانی تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر37: نظم پارہ کو سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔ (نظم پارہ اور سوالات روبرکس میں موجود ہیں۔) (6 نمبر)

سوال نمبر38: درج ذیل نثر پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ (نوٹ: نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔) (کل نمبر 6)